MULTI PROFESSIONALS
CO-OPERATIVE HOUSING
SOCIETY, ISLAMABAD

Ref: MP/MC/MG/TG/E-11/ROS/AGM-34/2021                    Date: 29-12-2021

# کاروائی جنرل باڈی میٹنگ

مورخہ 22-12-2021 بروز بدھ دن 12:30 بجے ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (MPCHS) رجسٹرڈ اسلام آباد کی سکیموں ''اسلام آباد گارڈنز'' فیز-i سیکٹر E-11/3۔ فیز-ii سیکٹر E-11/1 ''ٹیلی گارڈنز'' سیکٹر F-17۔ ''ملٹی گارڈنز'' B-17 سکیم اور ''ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم'' کے ممبران کا سالانہ اجلاس عام (AGM) بمقام ''ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم'' میں منعقد ہوا۔ سالانہ اجلاس عام کی اطلاع ممبران کو بذریعہ نیوز لیٹر مورخہ 18 نومبر 2021 کے علاوہ اخبارات روز نامہ جنگ کمبائنڈ۔ روز نامہ ایکسپریس۔ روزنامہ دی نیوز اور روز نامہ ملٹی نیوز اسلام آباد مورخہ 20 نومبر 2021 کے ذریعے دی گئی اور سرکل رجسٹرار کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ کو بھی بذریعہ لیٹر مورخہ 23 نومبر 2021 مطلع کیا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ ممبران کو اجلاس عام کی اطلاع SMS کے ذریعے بھی دی گئی۔ ممبران کی AGM میں شرکت اور سہولت کے پیش نظر سوسائٹی ہیڈ آفس ملٹی مینشن G-8 مرکز اسلام آباد، GPO صدر راولپنڈی اور GT روڈ بیریئر نمبر 3 واہ کینٹ سے گاڑیوں کا انتظام بھی کیا گیا تھا۔

اجلاس عام میں سوسائٹی کے ممبران نے کثیر تعداد میں شرکت کی جن کی حاضری لگوائی گئی اور کرونا وبا (COVID-19) سے بچاؤ کے لئے حفاظتی تدابیر پر عملدرآمد کو بھی یقینی بنایا گیا۔ ممبران کو سوسائٹی کی سالانہ آڈٹ رپورٹ بمعہ آمدن و اخراجات مالی سال 2020-2021 جو کہ رجسٹرار کوآپریٹو ICT اسلام آباد کے نامزد آڈیٹر میسرز طاہر صدیقی اینڈ کو لاہور نے تیار کی تھی اور بجٹ مالی سال 2021-2022 کی طبع شدہ کاپیاں پیش کی گئیں۔

**2)۔** اجلاس کی صدارت سوسائٹی کے صدر جناب محمد اسلم راؤ نے کی۔ اجلاس میں ممبران کے علاوہ انتظامیہ کمیٹی کے ارکان۔ انجینئرنگ ایڈوائزر۔ سوسائٹی سٹاف۔ کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ ICT کے نامزد انسپکٹر سراج الحق لون۔ سوسائٹی کی سکیموں E-11-F-17- B-17 اور ROS کے کنسلٹنٹس۔ کنٹریکٹرز۔ ڈویلپرز۔ ٹیکس/اکاؤنٹس کنسلٹنٹ۔ رئیل اسٹیٹ کنسلٹنٹس۔ میڈیا کے نمائندوں کے علاوہ علاقے کی سیاسی و سماجی شخصیات نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کا ایجنڈہ حسبِ ذیل تھا۔

(1) تلاوت کلام پاک۔ (2) صدر کا خطبہء استقبالیہ۔ (3) سوسائٹی کی کارکردگی رپورٹ۔ (4) کاروائی گذشتہ اجلاس عام منعقدہ 15-12-2020 کی توثیق۔
(5) نئے ممبران کے داخلے اور خروج کی توثیق۔ (6) آڈٹ رپورٹ سال 2020-2021 اور بجٹ مالی سال 2021-2022 کی منظوری۔
(7) مختلف افراد۔ کمپنیوں۔ ڈویلپرز کنٹریکٹرز اور کنسلٹنٹ کے ساتھ سوسائٹی کے منصوبوں پر عمل درآمد کے سلسلے میں کئے گئے نئے، ترمیمی اور توسیعی معاہدوں کی تفصیل بیان اور ان کی منظوری۔ (8) سوسائٹی میں نئے ملازمین کی تقرری، پرموشن اور برخاستگی کی منظوری۔ (9) سوسائٹی کی مختلف سکیموں کے لئے اراضی کے تبادلہ اور خرید کی گئی اراضی و قبضہ اور آبادیوں اور لینڈ سکیپنگ کے لئے کئے گئے معاہدوں کی تفصیل بیان اور ان کی منظوری۔
(10) تمام سکیموں میں کئے گئے ڈویلپمنٹ، کنسٹرکشن کے کاموں۔ ترقیاتی کاموں کی مد میں ادا کردہ بلز، سروس چارجز اور سکیموں میں توسیع کی منظوری۔
(11) تمام سکیموں میں فروخت کئے گئے رہائشی، کمرشل، شاپنگ سنٹر، ہسپتال، سکول، پٹرول پمپ، اپارٹمنٹ، مکس یوز ڈویلپمنٹ پلاٹوں وغیرہ اور ان کی قیمت کی منظوری۔ (12) تمام سکیموں کے رہائشی اور کمرشل پلاٹوں کی قیمتوں میں کئے گئے اضافے کی منظوری۔ (13) تمام سکیموں میں پلاٹ سائز میں کمی بیشی، سائز اور پلاٹ وغیرہ تبدیل کرنے کی منظوری۔ (14) رہائشی اور کمرشل پلاٹ کے واجبات ادا نہ کرنے والے ممبران کے پلاٹ منسوخ/کینسل کرنے کی منظوری۔ (15) وقفہ سوالات۔ (16) دیگر کسی بھی مسئلہ پر صدر سوسائٹی کی پیشگی منظوری سے گفتگو۔ (17) اجلاس کے اختتام پر تناول ماحضر۔

MULTI PROFESSIONALS CO-OP HOUSING SOCIETY (REGD) MPCHS ISLAMABAD

3)۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سوسائٹی کے ایگزیکٹو ممبر کرنل (ر) محمد سلیم نے انجام دیئے۔انھوں نے معزز ممبران کو اجلاس میں شرکت کرنے پرخوش آمدید کہا اور صدر کی منظوری سے اجلاس کا باقاعدہ آغاز کیا۔تلاوتِ کلامِ پاک کی سعادت **ROS سکیم کی** مسجد حضرت عثمان غنیؓ کے خطیب قاری امان اللہ حقانی صاحب نے حاصل کی۔تلاوت کلام پاک کے بعد نعت رسول مقبول ﷺ صاحبزادہ محمد مدثر مخدوم نے پیش کی۔جس کے بعد سٹیج سیکرٹری نے صدر جناب محمد اسلم راؤ سے درخواست کی کہ وہ خطبہ استقبالیہ اور سوسائٹی کے دیگر اہم معاملات پر پیش رفت اور درپیش مشکلات کی تفصیلات سے ایوان کو آگاہ کرنے کیلئے تشریف لائیں۔

4)۔ صدر نے اپنے خطاب میں کہا کہ آج سوسائٹی کے 34ویں سالانہ اجلاس عام میں تشریف لانے والے تمام معزز مہمانان گرامی کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتا ہوں۔انہوں نے ممبران کی بے پناہ مصروفیات ۔ورکنگ ڈے کے باوجود اتنی بڑی تعداد میں اس تقریب کی اہمیت کے پیش نظر تشریف لانے پر سب کا شکریہ ادا کیا۔اور کہا کہ ملٹی پروفیشنلز کے جو بھی پروگرام ہوں اس میں دیگر مصروفیت کو ترک کر کے ضرور تشریف لاتے ہیں۔آپ سب کو علم ہے یہ سال نہایت مشکل تھا کرونا اور لاک ڈاؤن نے سماجی اور معاشی صورت حال کو متاثر کیا بلکہ ہماری مذہبی روایات پر بھی اثر انداز ہوئے۔حالیہ مہنگائی نے معاشی معاملات کو مزید دشوار بنایا۔الحمدللہ ان تمام معاملات کے باوجود آپ کی سوسائٹی نے گزشتہ سال سب سے زیادہ ترقیاتی کام کرائے ہیں۔

**خواتین وحضرات!** جیسا کہ آپ سب کو علم ہے کہ سیکٹر E-11/1 ۔E-11/3 ۔F-17 ۔B-17 اور ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم کے بیشتر بلاکس میں ترقیاتی کام تقریباً مکمل ہو چکے ہیں۔سوسائٹی کی تمام سکیمیں موجودہ تقاضوں کے مطابق جدید سہولتوں سے آراستہ ہیں آپ لوگوں کی رہائش کو مزید آرام دہ بنانے کے لئے دن رات کوششیں جاری ہیں۔ان سکیموں میں ہر وہ سہولت جسے آج کے دور میں بنیادی ضرورت سمجھا جاتا ہے موجود ہے۔انہوں نے بتایا کہ ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 میں زیرزمین پانی کی قلت کی سب سے بڑی وجہ سکیم سے ملحقہ ترنول کی جانب PTCL کی زمین کے اندر سفیدے (Eucalyptus) کے لگے تقریباً 4ہزار درخت ہیں۔ ماہرین کی تازہ تحقیق کے مطابق Eucalyptus کا ایک درخت چوبیس گھنٹے میں 70 سے 200 لیٹر پانی پیتا ہے۔4ہزار درختوں کی موجودگی میں زیرزمین پانی کی قلت لازمی امر ہے۔ہمارے ماہرین نے 3 جگہوں پر پانی کی نشاندہی کی ہے جہاں پانی کا کافی ذخیرہ موجود ہے۔بہت جلد پانی کا مسئلہ حل کر لیا جائے گا۔

صدر نے کہا کہ گزشتہ سال سوسائٹی کی سکیموں میں قواعد وضوابط کے تحت معاملات کی منظوری اولین ترجیح رہی۔اس معاملے میں جو پیچیدگیاں تھیں انہیں بڑی محنت سے حل کر لیا گیا ہے جن کی بہت جلد انشاءاللہ منظوری ہو جائے گی۔بلڈنگ ڈویلپرز کا مسئلہ بھی حل ہو چکا ہے اور ممبران کا یوٹرن کا دیرینہ مطالبہ بھی جلد پورا ہو جائیگا۔F-17 اور B-17 میں تعلیم اور صحت کی بنیادی سہولتیں ممبران کو پوری طرح میسر ہیں۔سب سے مشکل مسئلہ زمین کا حصول رہا ہے مشکل حالات کے باوجود اس کو کلیئر کرنے کی کوششیں جاری ہیں جس میں کافی پیش رفت ہوئی ہے۔آئندہ چند ماہ میں ہمیں خاطر خواہ کامیابی کی امید ہے۔

آخر میں انہوں نے کہا کہ ہماری اس کامیابی کے پیچھے آپ کا تعاون اور اعتماد ہی بنیادی طور پر کارفرما ہے۔آپ نے ہمیشہ سوسائٹی انتظامیہ پر اعتماد کا اظہار کیا اور ہمارے شانہ بشانہ کھڑے رہے۔ہمارے کاموں اور فیصلوں کی تائید کی جس سے ہماری حوصلہ افزائی ہوئی اور ہم نے ثابت قدمی کے ساتھ کامیابی کا سفر جاری رکھا۔جس کے لئے میں پوری انتظامیہ کمیٹی کی جانب سے آپ سب کا بے حد ممنون ہوں اور تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ آپ کا اعتماد اور تعاون اسی طرح ہمارے شاملِ حال رہے گا۔اس کے بعد صدر نے تمام قراردادوں کی ایوان سے منظوری حاصل کی۔ایوان نے تمام قراردادوں کی علیحدہ علیحدہ منظوری دی۔لوگوں نے بھرپور تالیاں بجا کر صدر کی تقریر کو سراہا۔

5)۔ اس کے بعد سٹیج سیکرٹری نے جنرل سیکرٹری چوہدری ندیم سرور کو خطاب کی دعوت دی،جنرل سیکرٹری نے سالانہ اجلاس عام میں اپنی اور پوری انتظامیہ کمیٹی کی طرف سے سوسائٹی کی تمام سکیموں کے ممبران کو خوش آمدید کہا اور اجلاس میں شرکت کرنے اور سوسائٹی کے معاملات میں دلچسپی لینے پر معزز ممبران کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے رئیل اسٹیٹ کنسلٹنٹ ۔ڈویلپرز۔اپنے سٹاف اور تمام عملے کو مبارک باد دی کہ انہوں نے بہت لگن اور محنت سے اس AGM کے انتظامات کو مکمل کیا۔

MULTI PROFESSIONALS CO-OP HOUSING SOCIETY (REGD) MPCHS ISLAMABAD

جنرل سیکرٹری نے کہا کہ آج کے سالانہ اجلاسِ عام کا انعقاد **ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈ فارم ہاؤسنگ سکیم** میں اس لئے کیا گیا ہے تاکہ آپ سب سکیم کے خوبصورت اور دیدہ زیب ماحول کے ساتھ ساتھ ترقیاتی کام کے معیار کا خود ملاحظہ کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ E-11/1 اور E-11/3 ہر لحاظ سے مکمل اور آباد ہیں۔

ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 میں مکینوں کی سہولت کیلئے خوبصورت مساجد، فلٹریشن پلانٹ۔ تجارتی مراکز، زیرزمین بجلی، اسٹریٹ لائٹس، سوئی گیس، پارک بچوں کے جھولے 24 گھنٹے سیکورٹی انتظامات، CCTV کیمرے فعال ہیں اور ان کی تعداد بھی بڑھا دی گئی ہے غرض یہ کہ ضروریات زندگی کی تمام تر سہولیات مہیا کی گئی ہیں۔

جنرل سیکرٹری نے کہا کہ ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 سکیم کے ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں۔ مین روڈ پر بھی کام کی رفتار تسلی بخش ہے۔ B-17 سکیم کے مکینوں کیلئے کلب کی تعمیر شروع کی تھی جو تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔ فلڈ لائٹ کرکٹ اور فٹ بال گراؤنڈ نے سکیم میں نوجوانوں کے لئے صحت مند سرگرمیوں کے بہترین مواقع فراہم کر دیے ہیں۔ سکیم میں تعمیر شدہ ڈیم ایک پرکشش تفریح گاہ کی شکل اختیار کر چکا ہے عوام الناس کو معیاری تفریح باہم پہنچانے کیلئے جدید طرز تعمیر اور مروجہ معیار کے مطابق چڑیا گھر عوام الناس کی تفریح کے لئے کھول دیا گیا ہے جو کہ نہ صرف مقامی لوگوں بلکہ قرب و جوار سے بھی لوگوں کی تفریح کا باعث ہوگا۔ انہوں نے چڑیا گھر کی انتظامیہ کی طرف سے ایک پیکج کا بھی اعلان کیا اور کہا کہ سوسائٹی کی تمام سکیموں کے ممبران اس پیکج پر پورا مہینہ چڑیا گھر کی سیر کر سکتے ہیں۔ ممبران نے اس پیشکش کی بھرپور داد دی۔

انہوں نے مزید کہا کہ سکیم میں ایک سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ (STP) مکمل فعال ہے جبکہ دوسرے پر کام جاری ہے وہ بھی جلد مکمل ہو جائے گا۔ فلٹریشن پلانٹ بھی مکمل طور پر فعال ہے۔ پوری سکیم میں خوبصورت لینڈ سکیپنگ کی گئی ہے اور موسم بہار 2022 میں مزید کی جائے گی۔ کوڑا کرکٹ (SWM) ٹھکانے لگانے کا پلانٹ مکمل طور پر فعال ہے۔ دیگر کسی سوسائٹی یا ادارے میں اس طرح کا نظام موجود نہیں ہے۔ ملٹی کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہ صحت کے لئے ماحول دوست پالیساں بنا رہی ہے۔ سکیم کے قبرستان کا کچھ ایریا مکمل ہے باقی بھی جلد مکمل ہو جائے گا اور اس میں مزید توسیع بھی کی جائیگی۔ ممبران کی سہولت کیلئے سائیٹ آفس 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔

ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم کے بارے میں جنرل سیکرٹری نے بتایا کہ یہ سکیم پاکستان میں ایک منفرد حیثیت رکھتی ہے۔ سکیم میں سیوریج، ڈرینج، زیرزمین بجلی، سوئی گیس اور کشادہ سڑکوں کے علاوہ پارک ہسپتال، مارکی، تعلیمی ادارے، کمرشل مرکز، تفریحی سہولیات جن میں فٹ بال، کرکٹ گراؤنڈ کی سہولت ممبران کو میسر ہیں جن میں کھیلوں کی سرگرمیاں جاری ہیں۔ کئی مکانوں کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے جہاں ممبران رہائش پذیر ہیں۔ جبکہ نئے گھروں کی تعمیر تیزی سے جاری ہے۔ سکیم میں گیس کے میٹر لگے ہوئے ہیں باقی بلاکس میں بھی کام جلد شروع ہو جائے۔ جدید ترین CCTV کیمرے۔ فلٹریشن پلانٹ اور 24 گھنٹے سیکورٹی موبائل پوری طرح فعال ہے۔ ممبران کی سہولت کیلئے سائیٹ آفس 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔

جنرل سیکرٹری نے ممبران کو خوشخبری دیتے ہوئے اعلان کیا کہ ملٹی سوسائٹی بہت جلد نیا پروجیکٹ شروع کرنے والی ہے **جس پر ایوان نے بھرپور تالیاں بجا کر اپنی خوشی کا اظہار کیا۔**

جنرل سیکرٹری نے سوسائٹی کے جملہ معاملات اور خصوصی طور پر سالانہ اجلاس عام کو خوبصورت انداز میں منعقد کرانے پر سوسائٹی سٹاف کی تعریف کی جنہوں نے دن رات محنت کر کے تمام سکیموں کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم میں جو خوبصورتی نظر آ رہی ہے اس کیلئے دن رات تمام لوگوں نے اپنے اپنے ذمہ لگائے گئے کاموں کو خوش اسلوبی سے مکمل کیا۔ اس لئے نہ صرف یہ کہ وہ بھرپور تعریف کے مستحق ہیں بلکہ وہ کارکردگی کی بنیاد پر بونس کے بھی حق دار ہیں۔ ایوان نے بھرپور تالیوں سے اس مئوقف کی تائید کی۔

آخر میں جنرل سیکرٹری نے ایک بار پھر ممبران کا اجلاس عام میں اتنی بڑی تعداد میں شرکت پر شکریہ ادا کیا۔ ممبران نے جنرل سیکرٹری کے خطاب کو سراہا اور تالیاں بجا کر بھرپور داد دی۔

**6)۔** جنرل سیکرٹری کے خطاب کے بعد وقفہ سوالات شروع ہوا جو تقریباً 30 منٹ تک جاری رہا۔ سیکٹر E-11۔ F-17۔ B-17۔ ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم کے ممبران نے سوسائٹی کے معاملات کے بارے میں مختلف سوالات کئے جن میں سوسائٹی کی تمام سکیموں کے اجتماعی اور ذاتی نوعیت کے سوالات۔ تجاویز اور مطالبات پیش کئے جن میں واٹر سپلائی سکیم کو فعال بنانا۔ سکیم کی سیکیورٹی مزید موثر اور بہتر کرنے کے بارے میں سوالات شامل تھے۔

ملٹی گارڈنز B-17 سکیم اور ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 کے ممبران نے ویلفیئر کمیٹیاں بنائی ہوئی ہے سب ممبران کی طرف سے اجتماعی نوعیت کے سوالات ان کے نمائندگان نے تحریری شکل میں کمیٹی کو پیش کئے اور ایوان میں پڑھ کر بھی سنائے۔ ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کی ویلفیئر کمیٹی کے صدر سلطان محمد ممبر شپ نمبر 15989-MG، مکان نمبر 102 بلاک B-Ext نے کہا کہ ہماری سکیم میں زیادہ تر کام مکمل ہو چکے ہیں۔ جو کام رہ گئے ہیں وہ بھی مکمل کئے جا رہے ہیں چند کام ایسے ہیں جن پر فوری طور پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

MULTI PROFESSIONALS CO-OP HOUSING SOCIETY (REGD.) MPCHS ISLAMABAD

ملٹی کلب عرصہ دراز سے زیر تعمیر ہے اس کی تعمیر مکمل کی جائے اور ممبر شپ فیس رہائشیوں کی استطاعت کے مطابق رکھی جائے۔CDA کے معاملات بلاک A اور B مارٹ گیج پلاٹوں اور نقشوں کی منظوری کے مسئلہ کو حل کیا جائے۔قبرستان کی تعمیر مکمل کی جائے۔جن گلیوں میں زیادہ گھر بنے ہوئے ہیں انہیں کارپٹ کیا جائے۔MR-19 موٹر وے M-1 تک مکمل کیا جائے اور انٹر چینج کی منظوری لی جائے۔بلاک D کے ممبران کے قبضہ کا مسئلہ حل کیا جائے ساتھ ساتھ انڈر گراؤنڈ بجلی کا کام مکمل کیا جائے۔جن گلیوں میں سوئی گیس پائپ لائن نہیں وہاں ترجیحی بنیادوں پر پائپ لائن ڈالی جائے۔سکیم کی گلیوں میں بھی سپیڈ بریکر بنائے جائیں۔مین گیٹ کو اٹو میٹک کر دیں تا کہ سیکورٹی کا نظام مزید بہتر ہو سکے۔جہاں ضروری ہے وہاں فنس لگائی جائے اور وہ ایریا جہاں بجلی کا کام مکمل ہے اسے چالو کیا جائے۔

ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کی ویلفیئر کمیٹی کے صدر ڈاکٹر نواز لالی ممبر شپ نمبر 2064-MG پلاٹ نمبر 852 بلاک B نے برملا اقرار کیا کہ اس سال سوسائٹی کی طرف سے جو ترقیاتی کام کرائے گئے وہ ایک ریکارڈ ہے۔دیکھ بھال کے انتظامات،سیکورٹی اور لینڈ سکیپنگ کی خصوصی تعریف کی۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ سکیم کے اندر زیر زمین جو پانی دریافت ہوا ہے اسکی سپلائی کا نیٹ ورک جلد مکمل کرایا جائے۔اس کے علاوہ فیڈرل گورنمنٹ کے سکولوں کی جلد از جلد تعمیر کیلئے ممبران،انتظامیہ کے باہمی تعاون کو عمل میں لایا جائے تا کہ ممبران اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں۔انہوں نے قبرستان کی CDA کے طرز پر تعمیر کو سراہا اور سوسائٹی میں امن وامان کی پوزیشن کو تسلی بخش قرار دیا۔

ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 کی ویلفیئر کمیٹی کے صدر حاجی محمد نذیر ممبر شپ نمبر 1868-TG مکان نمبر 66-B نے شاندار AGM کے انعقاد پر مبارک باد پیش کی اور کہا کہ ویلفیئر کمیٹی انتظامیہ کی مشکور ہے کہ F-17 کے کچھ بنیادی مسائل کو اچھے طریقے سے حل کیا۔چند مسائل جن میں سیکٹر میں پانی کی فراہمی کا مستقل حل،فٹ بال،کرکٹ گراؤنڈ کے لئے جگہ مختص کی جائے۔کمیونٹی سنٹر بھی بنایا جائے۔فیڈرل گورنمنٹ سکول برائے طلبا وطالبات کا بندوبست کریں،بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر مزید واٹر فلٹریشن پلانٹ لگایا جائے۔گلیوں میں کارپٹنگ کی جائے۔قبرستان کیلئے الگ راستہ۔اردگرد چاردیواری اور CDA کی طرز نقشہ بنا کر پلاٹ بنائے جائیں۔CDA سے معاملات طے کر کے مارٹ گیج پلاٹوں اور نقشوں کی منظوری کے مسئلہ کو حل کیا جائے۔ہیلتھ سنٹر میں ڈاکٹر اکثر غیر حاضر رہتا ہے یہ مسئلہ فوری حل کیا جائے۔مینجنگ کمیٹی میں F-17 سکیم کو نمائندگی دی جائے۔

شوکت علی ممبر شپ نمبر 1654-ROS مکان نمبر 213،نے کہا کہ بلاک A, اور B میں گیس نہیں ہے۔سکیم میں چاروں طرف حفاظتی باڑ لگائی جائے۔قبرستان میں جنازہ گاہ کا اہتمام ہونا چاہیئے۔سکیم کے بلاک A میں مسجد کی تعمیر شروع کی جائے۔سکیم سے ملحقہ مزید زمین لے کر ڈیولپ کیا جائے۔موبائل سگنلز کا مسئلہ ہے ٹیلی کام یا کسی کمپنی کا ٹاور لگایا جائے۔آبادی کو مدنظر رکھتے ہوئے کمرشل پلازوں کی تعمیرات تیز کی جائے۔سکیم میں جگہ جگہ ڈسٹ بن لگائے جائیں۔میٹرک تک سکول کی تعلیم شروع کی جائے۔بجلی کا نظام انڈر گراؤنڈ کیا جائے اور سکیم میں اوورہیڈ تاریں اور پول کو ختم کیا جائے۔سکیم کی خوبصورتی کیلئے MR-1 کے دونوں جانب اقوال زریں کے بورڈ لگائے جائیں۔

شمع فردوس زوجہ محمد فردوس ممبر شپ نمبر 8286-MG پلاٹ نمبر 1877 نے کہا کہ بلاک C کے ساتھ مزید زمین کی خریداری کی جائے۔

منہاج الدین ممبر شپ نمبر 5843-MG پلاٹ نمبر 2093 بلاک C نے کہا کہ اس بلاک میں جہاں سڑکیں تعمیر نہیں ہوئی وہاں تعمیر کی جائیں اور بلاک E میں 3100 کی سیریل میں ترقیاتی کام کروائیں۔سوسائٹی کی ویب سائٹ 10 سال پرانی ہے Up Date کیا جائے۔نوید اختر ممبر شپ نمبر 2763-MG پلاٹ نمبر 1551 بلاک B نے کہا کہ لیٹ کنسٹرکشن چارج ختم کئے جائیں یا نوٹس دینے کے بعد وصول کئے جائیں۔ساجد محمود ممبر شپ نمبر 1596-ROS پلاٹ نمبر 557 نے کہا کہ B-EXt میں گیس کب دے رہے ہیں۔محمد عابد ممبر شپ نمبر 733-TG پلاٹ نمبر 538 نے کہا کہ ہیلتھ کی سہولت مہیا کی جائے۔ریاض بیگ۔ممبر شپ نمبر 1028-E-11 مکان نمبر 225 گیس کا مسئلہ حل کریں۔

جنرل سیکرٹری اور صدر نے تمام سوالات کے دلائل کے ساتھ جوابات دیئے اور مسائل کو فوری حل کرنے کی یقین دہانی کرائی جن ممبران نے قبضہ نہ ہونے کی شکایت کی انہیں فوری دفتر سے رجوع کرنے کی ہدایت کی گئی۔جنرل سیکرٹری نے مزید کہا کہ زمین کی خریداری کے عمل کو مزید تیز کیا جائے گا تا کہ وہ ممبران جو فوری طور پر گھر تعمیر کرنا چاہتے ہیں انہیں باقبضہ یا متبادل پلاٹ دیا جائے گا۔

MULTI PROFESSIONALS CO-OP HOUSING SOCIETY (REGD) MPCHS ISLAMABAD

7)۔ **ممبران کے مطمئن ہونے اور وقفہ سوالات ختم ہونے کے بعد مزید کاروائی ایجنڈے کے مطابق عمل میں لائی گئی۔ صدر سوسائٹی نے مندرجہ ذیل قراردادیں منظوری کیلئے ایوان میں پیش کیں تھیں** ۔ جنہیں متفقہ طور پر ممبران نے جوش وخروش کے ساتھ ہاتھ اٹھا کر منظور کیا۔

i)۔ اجلاس کی کاروائی کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول سے کیا گیا۔

ii)۔ صدر کا خطبہ استقبالیہ مکمل تفصیلی روئیداد پیرا نمبر 4 میں شامل ہے۔

iii)۔ سوسائٹی کی کارکردگی رپورٹ جنرل سیکرٹری نے پیش کی جس کی مکمل تفصیلی روئیداد پیرا نمبر 5 میں شامل ہے۔

iv)۔ ایوان نے متفقہ طور پر گزشتہ اجلاس عام منعقدہ مورخہ 15-12-2020 کی کاروائی کی توثیق/منظوری دی۔

v)۔ ایوان نے متفقہ طور پر سابقہ AGM مورخہ 15-12-2020 سے مورخہ 22-12-2021 تک داخل وخارج کئے گئے تمام رہائشی اور کمرشل ممبران کی توثیق/منظوری دی۔

vi)۔ ایوان نے متفقہ طور پر آڈٹ رپورٹ 2020-2021 بمعہ آمدن واخراجات اور بجٹ مالی سال 2021-2022 ( آمدن مبلغ **5804.21** ملین روپے ) اور اخراجات مبلغ **5799.83** ملین روپے ) کی منظوری دی۔

vii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر مختلف افراد۔ کمپنیوں۔ ڈویلپرز کنٹریکٹرز اور کنسلٹنٹ کے ساتھ سوسائٹی کے منصوبوں پر عمل درآمد کے سلسلے میں کئے گئے نئے ترمیمی اور توسیعی معاہدوں کی منظوری دی۔

viii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر مورخہ 22-12-2021 تک مختلف تنخواہوں بمعہ الاؤنسز پر کی گئی تمام سوسائٹی ملازمین کی تقرری، پروموشن اور برخاستگی کی منظوری دی۔

ix)۔ ایوان نے متفقہ طور پر سوسائٹی کی مختلف سکیموں کے لئے اراضی کے تبادلہ اور خرید کی گئی اراضی وقبضہ اور آبادیوں کیلئے کئے گئے تمام معاہدوں اور ادا کی گئی جملہ رقوم اور سکیموں میں توسیع کی منظوری دی۔

x)۔ ایوان نے متفقہ طور پر تمام سکیموں میں کئے گئے ڈویلپمنٹ ،کنسٹرکشن کے کاموں ،ترقیاتی کاموں بجلی ،گیس ، پانی کے لئے بور دیگر ترقیاتی کاموں اور لینڈ سکیپنگ کی مد میں ادا کردہ بلز ،سروس چارجز ادا کرنے کی منظوری دی۔

xi)۔ ایوان نے متفقہ طور پر تمام سکیموں میں فروخت کیے گئے رہائشی ،کمرشل ،شاپنگ سنٹر ،ہسپتال ،سکول ،اپارٹمنٹ اور مکس یوز ڈویلپمنٹ پلاٹوں بمع انکی قیمت کی منظوری دی۔

xii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر تمام سکیموں کے رہائشی اور کمرشل ،اپارٹمنٹ ،مکس یوز ، ہائی رائز ، پٹرول پمپ ،سکول اور ہسپتال کے پلاٹوں۔ تعمیر شدہ اور زیر تعمیر پلاٹوں کی پروسیسنگ فیس (Processing Fee) اور سوسائٹی کی طرف سے بنائے گئے مختلف اوقات میں پیمنٹ شیڈول کی منظوری دی۔ تفصیل درج ذیل ہے۔

**شیڈول ٹرانسفر/** پروسیسنگ فیس (Processing Fee) **رہائشی پلاٹس (Residential)**

| نمبر شمار | سکیم | پلاٹ | مکان/زیر تعمیر مکان |
|---|---|---|---|
| 1 | اسلام آباد گارڈنز سیکٹر E-11 | 400 روپے فی مربع گز | 600 روپے فی مربع گز |
| 2 | ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 | 50 روپے فی مربع گز | 100 روپے فی مربع گز |
| 3 | ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 | 50 روپے فی مربع گز | 100 روپے فی مربع گز |
| 4 | ملٹی ریذیڈنشیا وآرچرڈز ROS (رہائشی) | 25 روپے فی مربع گز | 50 روپے فی مربع گز |
| 5 | ملٹی ریذیڈنشیا وآرچرڈز ROS (فارم ہاؤس) | 30 روپے فی مربع گز | 40 روپے فی مربع گز |

**کمرشل پلاٹس (Commercial)**

| نمبر شمار | سکیم | پلاٹ | پلازہ/زیر تعمیر پلازہ |
|---|---|---|---|
| 1 | اسلام آباد گارڈنز سیکٹر E-11 | 800 روپے فی مربع گز | 1000 روپے فی مربع گز |
| 2 | ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 | 400 روپے فی مربع گز | 600 روپے فی مربع گز |
| 3 | ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 | 400 روپے فی مربع گز | 600 روپے فی مربع گز |
| 4 | ملٹی ریذیڈنشیا وآرچرڈز سکیم (ROS) | 150 روپے فی مربع گز | 200 روپے فی مربع گز |

MULTI PROFESSIONALS CO-OP HOUSING SOCIETY (REGD) MPCHS ISLAMABAD

## اپارٹمنٹ/مکس یوز/ہائی رائز/پٹرول پمپ وغیرہ (App/MIX USE/HI RISE/PETROL PUMP Etc)

| نمبر شمار | سکیم | پلاٹ |
|---|---|---|
| 1 | اسلام آباد گارڈنز سیکٹر E-11 | 500روپے فی مربع گز |
| 2 | ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 | 400روپے فی مربع گز |
| 3 | ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 | 400روپے فی مربع گز |
| 4 | ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز سکیم (ROS) | 100روپے فی مربع گز |

## سکول/ہسپتال وغیرہ (School / Hospital Etc)

| نمبر شمار | سکیم | پلاٹ | سکول ، ہسپتال/زیر تعمیر |
|---|---|---|---|
| 1 | اسلام آباد گارڈنز سیکٹر E-11 | ............ | 500روپے فی مربع گز |
| 2 | ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز سکیم (ROS) | 100روپے فی مربع گز | ............ |

## A ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 سکیم (رہائشی) پلاٹ کی قیمت بمعہ ڈویلپمنٹ چارجز (5000روپے فی مربع گز)

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | 25x50 | 25108 | 3490000 |
| (ii) | 30x60 | 24000 | 4800000 |
| (iii) | 35x70 | 22004 | 5990000 |
| (iv) | 40x80 | 22022 | 7840000 |
| (v) | 50x90 | 22000 | 10000000 |
| (vi) | 60x90 | 19985 | 12000000 |
| (vii) | 80x110 | 19980 | 19540000 |
| (viii) | 80x112 | 19980 | 19900000 |

16-08-2021 سے جاری ہے

## B ملٹی گارڈنز سیکٹر B-17 سکیم (کمرشل) پلاٹ کی قیمت بمعہ ڈویلپمنٹ چارجز

| پلاٹ ٹائپ | ریٹ | پلاٹ ٹائپ | ریٹ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|
| مرکز کارنر (B+G+4 Floor)<br>شاپنگ سنٹر کارنر (B+G+2 Floor) | 137500 روپے فی مربع گز<br>110000 روپے فی مربع گز | مرکز نان کارنر (B+G+4 Floor)<br>نان کارنر (B+G+2 Floor) | 125000 روپے فی مربع گز<br>100000 روپے فی مربع گز | 17-03-2020 سے<br>15-08-2021 تک |
| مرکز کارنر (B+G+4 Floor)<br>شاپنگ سنٹر کارنر (B+G+2 Floor) | 175000 روپے فی مربع گز<br>150000 روپے فی مربع گز | نان کارنر (B+G+4 Floor)<br>نان کارنر (B+G+2 Floor) | 160000 روپے فی مربع گز<br>130000 روپے فی مربع گز | 16-08-2021 سے جاری ہے۔ |
| GTروڈ کمرشل کارنر پلاٹ | 275000 روپے فی مربع گز | GTروڈ کمرشل نان کارنر پلاٹ | 250000 روپے فی مربع گز | 17-07-2021 سے جاری ہے۔ |
| مکس یوز ڈویلپمنٹ کارنر پلاٹ | 110000 روپے فی مربع گز | مکس یوز ڈویلپمنٹ نان کارنر پلاٹ | 100000 روپے فی مربع گز | 17-07-2021 سے جاری ہے۔ |
| اپارٹمنٹ پلاٹ کارنر | 70000 روپے فی مربع گز | اپارٹمنٹ پلاٹ نان کارنر | 65000 روپے فی مربع گز | 16-08-2021 سے جاری ہے۔ |
| پٹرول پمپ | 50000 روپے فی مربع گز | | | 16-08-2021 سے جاری ہے۔ |
| سکول | 20000 روپے فی مربع گز | | | 16-08-2021 سے جاری ہے۔ |
| ہسپتال | 20000 روپے فی مربع گز | | | 16-08-2021 سے جاری ہے۔ |

## C ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم پلاٹ کی قیمت بمعہ ڈویلپمنٹ چارجز

**فارم ہاؤس 10 کنال کی قیمت** 5000 روپے فی مربع گز = **5 کنال کی قیمت** 5000 روپے فی مربع گز 16-08-2021 سے جاری ہے۔

## D ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز سکیم (کمرشل) پلاٹ کی قیمت بمعہ ڈویلپمنٹ چارجز

| پلاٹ ٹائپ | ریٹ | پلاٹ ٹائپ | ریٹ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|
| مرکز کارنر (B+G+4 Floor)<br>شاپنگ سنٹر کارنر (B+G+2 Floor) | 55000 روپے فی مربع گز<br>38000 روپے فی مربع گز | مرکز نان کارنر (B+G+4 Floor)<br>نان کارنر (B+G+2 Floor) | 50000 روپے فی مربع گز<br>35000 روپے فی مربع گز | 17-03-2020 سے<br>15-08-2021 تک |
| مرکز کارنر (B+G+4 Floor)<br>شاپنگ سنٹر کارنر (B+G+2 Floor) | 70000 روپے فی مربع گز<br>45000 روپے فی مربع گز | نان کارنر (B+G+4 Floor)<br>نان کارنر (B+G+2 Floor) | 60000 روپے فی مربع گز<br>40000 روپے فی مربع گز | 16-08-2021 سے جاری ہے۔ |
| مکس یوز ڈویلپمنٹ کارنر پلاٹ | 50000 روپے فی مربع گز | مکس یوز ڈویلپمنٹ نان کارنر پلاٹ | 45000 روپے فی مربع گز | 16-08-2021 سے جاری ہے۔ |
| اپارٹمنٹ پلاٹ کارنر | 40000 روپے فی مربع گز | اپارٹمنٹ پلاٹ نان کارنر | 35000 روپے فی مربع گز | 16-08-2021 سے جاری ہے۔ |
| پٹرول پمپ | 30000 روپے فی مربع گز | | | 16-08-2021 سے جاری ہے۔ |
| سکول | 10000 روپے فی مربع گز | | | 16-08-2021 سے جاری ہے۔ |
| ہسپتال | 10000 روپے فی مربع گز | | | 16-08-2021 سے جاری ہے۔ |

MULTI PROFESSIONALS CO-OP HOUSING SOCIETY (REGD) ISLAMABAD MPCHS

xiii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر تمام سکیموں کے ممبران سے مینٹی نینس چارجز وصول کرنے کی منظوری دی۔

xiv)۔ ایوان نے متفقہ طور پر کمرشل اور رہائشی پلاٹوں کے واجبات ادا نہ کرنے والے ممبران کے پلاٹ منسوخ/کینسل کرنے کی منظوری دی۔

xv)۔ ایوان نے متفقہ طور پر سوسائٹی کی تمام سکیموں میں الاٹ کیے گئے پلاٹس سائز میں شامل ہونے والی اضافی زمین کی مقرر کردہ قیمتوں پر وصولی کی منظوری دی۔

xvi)۔ ایوان نے متفقہ طور پر مختلف اوقات میں ممبران کو دیئے گئے ڈسکاؤنٹ۔ ممبران سے بقایاجات کی ادائیگی میں تاخیر پر وصول کیے گئے سرچارج اور انتظامیہ کمیٹی کی طرف سے کسی بھی ممبر کے کیس کی Settlement بشمول سرچارج کم یا زیادہ کرنے اور پلاٹ نمبر وغیرہ تبدیل کرنے کی منظوری دی۔

xvii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر تمام سکیموں میں اب تک ٹرانسفر کیے گئے پلاٹوں کی منظوری دی۔

xviii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر تمام سکیموں میں پلاٹس کے سائز میں کمی بیشی اور پلاٹ وغیرہ تبدیل کرنے کی منظوری دی۔

xix)۔ ایوان نے متفقہ طور پر ترقیاتی کاموں بشمول ملٹی کلب کے بقیہ کاموں کیلئے میٹریل/سامان کی خریداری، کلب کو OUT SOURCE لیز/رینٹ پر دینے اور کلب کے انتظام وانصرام کی منظوری دی۔

xx)۔ ایوان نے متفقہ طور پر ڈیفالٹر فائل کینسل، مرج اور بحال کرنے۔ نیز پلاٹ نمبر تبدیل کرنے اور گرین بیلٹ و دیگر متاثرین کو متبادل پلاٹ الاٹ کرنے کی منظوری دی۔

xxi)۔ سوسائٹی کی ملٹی گارڈنز B-17 سکیم کے لئے موضع ٹھٹھہ خلیل کی اراضی تعدادی **74 کنال 1/2-1-1 مرلے** بذریعہ انتقال نمبری 12485 اور اراضی تعدادی **3 کنال** بذریعہ انتقال نمبری 12486 کے تبادلوں کی مکمل تفصیل ایوان کو بتائی گئی جس کی ایوان نے متفقہ منظوری دی۔

xxii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر سوسائٹی کے سکیموں کیلئے Self Execution کے تحت بجلی کے ٹرانسفارمر، کیبلز اور دیگر سامان خریدنے کی منظوری دی۔

xxiii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر الاٹمنٹ/ٹرانسفر لیٹر اور درخواست فارم/ممبرشپ فارم پر درج شدہ قواعد وضوابط (TermsandConditions) میں کی گئی ترامیم کی منظوری دی۔

xxiv)۔ ایوان نے متفقہ طور پر ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم کے ممبران کو بہترین موبائل نیٹ ورک مہیا کرنے کیلئے اینگرو این فریشر پرائیویٹ لیمیٹڈ اسلام آباد کو ٹاور لگانے اور اس سیٹ اپ کیلئے 30x40 فٹ کی جگہ دینے کی منظوری دی۔

xxv)۔ ایوان نے متفقہ طور پر ملٹی سوسائٹی کو فعال رکھنے اور عوام الناس کو پلاٹوں کی فراہمی کیلئے نیا پروجیکٹ/سکیم شروع کرنے کی منظوری دی۔

xxvi)۔ ایسے ممبران جنہوں نے گھر بنانے کے لئے پلاٹ تبدیل کروائے اور مقررہ وقت میں گھروں کی تعمیر شروع نہیں کی ان ممبران کے پلاٹ کینسل کرنے کی ایوان نے متفقہ طور پر منظوری دی۔

xxvii)۔ ایوان نے متفقہ طور پر ملٹی سوسائٹی کے لئے مختلف کمپنیوں۔ افراد۔ کنسلٹنٹ۔ کنٹریکٹر اور ڈویلپرز کے ساتھ کیے گئے معاہدوں جس میں (i) میسرز سائبر انٹرنیٹ سروسز پرائیویٹ لیمٹڈ سے ملٹی گارڈنز B-17 سکیم میں انٹرنیٹ سروس مہیا کرنے کا معاہدہ مورخہ 2020-12-29۔ (ii) میسرز نیو اسلام آباد نرسری پتوکی سے پلانٹیشن، لینڈ سکیپنگ پروگرام سپرنگ 2021 کا معاہدہ مورخہ 2021-01-18۔ (iii) میسرز ہارڈ پبلک سکول سسٹم ٹیکسلا سے ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم میں سکول چلانے کا معاہدہ مورخہ 2021-03-03۔ (iv) کاشف ہمایوں سے ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم میں سکول کیلئے بلڈنگ حاصل کرنے کا معاہدہ مورخہ 2021-03-03۔ (v) میسرز فائبر لنک پرائیویٹ لیمٹڈ سے ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 میں ویڈیو، وائس سروس، انٹرنیٹ سروس مہیا کرنے کا معاہدہ مورخہ 2021-06-15۔ (vi) میسرز ڈائریکٹ سیکورٹی سلوشن راولپنڈی سے ملٹی کی سکیموں میں CCTV سسٹم کی دیکھ بھال اور مرمت کا معاہدہ مورخہ 2021-07-06۔ (vii) میسرز ST انجینئرنگ سلوشن سے ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم

MULTI PROFESSIONALS CO-OP HOUSING SOCIETY (REGD) MPCHS ISLAMABAD

کے کرکٹ گراؤنڈ میں فلڈ لائٹ لگانے کا معاہدہ مورخہ 15-07-2021۔(viii) مسز زینب گُلین ہاشمی اسلام آباد سے ملٹی کلب کے فنانشل بزنس اینڈ TOR کا معاہدہ مورخہ 11-10-2021۔(ix) میسرز مارگلہ انجینئرنگ سروسز اسلام آباد سے بجلی کے بیرونی کاموں سٹریٹ لائٹ کی مرمت اور دیکھ بھال کا معاہدہ مورخہ 27-10-2021۔(x) میسرز تجارت ڈویلپر اسلام آباد سے ملٹی کلب کے بقیہ کاموں کی تکمیل کا معاہدہ مورخہ :12-11-2021۔ (xi) میسرز نیا ٹیل اسلام آباد سے ملٹی گارڈنز B-17 سکیم میں انٹرنیٹ کی فراہمی کا معاہدہ مورخہ :18-11-2021 شامل ہیں کی منظوری دی۔

ایجنڈہ آئٹم کی مکمل منظوری کے بعد سٹیج سیکرٹری نے صدر جناب محمد اسلم راؤ کی اجازت سے اجلاس کے اختتام کا اعلان کیا۔حسب پروگرام ممبران نے ظہرانہ تناول فرمایا۔ممبران نے ملٹی کی سکیموں میں جاری ڈویلپمنٹ کے کام کے معیار کا تفصیلی جائزہ لیا اور انتظامیہ کمیٹی پر اپنے مکمل اعتماد کا اعادہ کیا انہوں نے سوسائٹی کی کوششوں کو خصوصی طور پر سراہا۔

8)۔ کھانے کے بعد رئیل اسٹیٹ کنسلٹنٹ کی طرف سے لگائے گئے سٹالز سے بیش قیمتی انعامات بذریعہ قرعہ اندازی ممبران کو پیش کئے گئے جن کی تفصیل کچھ یوں ہے ونسٹن مال اینڈ ریذیڈنشیا کے CEO میجر عامر۔سلور بیل کے CEO عاطف جمیل بٹ۔مال آف آرچرڈ کے سرفراز تنولی کی طرف سے عمرے کے ٹکٹ۔واشنگ مشین، مائیکرو ویواوون ، ریفریجریٹر۔الیکٹرک ہیٹر اور استریاں۔موٹر سائیکل، LED، واشنگ مشین، فوڈ فیکٹری، وغیرہ بذریعہ قرعہ اندازی ممبران کو دیئے گئے۔

9)۔ پورے ایوان نے اجلاس عام (AGM) کے لئے مثالی اور خوبصورت انتظامات ۔ممبران کو اسلام آباد/ راولپنڈی کے مختلف حصوں سے لانے اور لے جانے کے لئے ٹرانسپورٹ ،اجلاس کے دوران سیکیورٹی اور پارکنگ کے انتظامات کے ساتھ ساتھ کھانے کے معیار کی تعریف کی۔ اجلاس کے دوران نظم وضبط مثالی رہا جس کا ممبران نے برملا اعتراف کیا۔

**آپ کا پر خلوص**

**محمد اسلم راؤ**
صدر ملٹی سوسائٹی

**سید مصدق شاہد احمد**
فنانس سیکرٹری، سوسائٹی

**چوہدری ندیم سرور**
جنرل سیکرٹری، سوسائٹی

MULTI PROFESSIONALS CO-OP HOUSING SOCIETY (REGD) MPCHS ISLAMABAD

**کاپی برائے!**

i۔ تمام ممبران ملٹی سوسائٹی سیکٹر E-11- سیکٹر F-17۔B-17 اور ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈ ز سکیم۔

ii۔ سرکل رجسٹرار کوآپریٹو ICT، F-8 مرکز اسلام آباد۔